# SSLC MODEL EXAMINATION, FEBRUARY - 2023

## URDU

First Language - Paper I

Time : 1½ Hours | Total Score : **40**

**വിദ്യാർത്ഥികൾക്കുള്ള പൊതു നിർദ്ദേശങ്ങൾ :**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കുന്നതിനും ഉത്തരങ്ങൾ ആസൂത്രണം ചെയ്യുന്നതിനും ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 5 മുതൽ 8 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 9 മുതൽ 15 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരം എഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

**Score**

3x1=3 — 1 سے 4 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔

1 — 1. مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی آن پر
دیتا ہے اپنی جاں وہ ایک ایک نان پر
بچّو ،اس شعر کا شاعر کون ہے؟
[سدرشن فاخر، نظیر اکبرآبادی ، ندا فاضلی]

1 — 2. ڈراما 'عقلمند مچھیرا' کا کردار کون ہے؟
[دادا میاں، بادشاہ سلامت، شنکر]

1 — 3. نیچے چند ادیبوں کے نام ہیں۔ان میں سے غزل گو شاعر کا نام چن کر لکھیے۔
[پریم چند، لیو ٹالسٹائے، غالب]

1 — 4. فضا ویران ہے گرمی کی شدت ہے زمانے میں
مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں
بچّو ،اس شعر میں 'دہقان' سے کون مراد ہے؟
[وکیل، کسان، ڈاکٹر]

P.T.O.

Score

3x2=6

5سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔

5. مناسب لفاظ چن کرگروہ پورا کیجیے۔

[کہانی، نظم، آپ بیتی]

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) | یہ وقت کی آواز ہے | ________ | شکیل بدایونی |
| (b) | کابلی والا | رابندرناتھ ٹیگور | ________ |

2

6. خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔

| الف | ب |
|---|---|
| ہاتھوں کا ترانہ | عبدالحلیم شرر |
| انڈا ہے یا دانہ | احسان دانش |
| ہل چلائیں | علی سردار جعفری |
| نہ دھوپ سے پریشان | لیوٹالسٹائے |

2

7. اشعار غور سے پڑھیے اور ان میں سے حبِ وطن پر لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

(a) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

(b) نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی

(c) اپنی آزادی کو ہم ہرگز مٹا سکتے نہیں
سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں

Score

2 8. مکالمے کو غور سے پڑھیے اور مناسب کرداروں کے نام چن کر خانہ پورا کیجیے۔

[مچھیرا، رحمت، دادامیاں]

| | | |
|---|---|---|
| (a) | ان داتا! ان مچھلیوں کی قیمت صرف سو کوڑے ہیں۔ | __________ |
| (b) | آج کل لوگوں نے محنت کرنا چھوڑ دیا اور وہ دوسروں کی محنت کے محتاج بن گئے۔ | __________ |

5x3=15 9 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔

3 9. میں مالتی ہوں۔ گاؤں میں رہتی ہوں۔۔۔۔

مالتی اپنے بارے میں کہہ رہی ہے۔

بچو، آپ بھی اپنے بارے میں ایک آپ بیتی تیار کیجیے۔

3 10. یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی
مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون
وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی

ان اشعار میں شاعر بچپن کے بارے میں خوب بیان کرتا ہے۔

بچو، بچپن کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

3 11. 'پھول والوں کی سیر' دہلی کا مشہور میلہ ہے۔

(a) بچو، اور دو میلے یا تہواروں کے نام لکھیے۔

(b) پسندیدہ ایک تہوار پر نوٹ تیار کیجیے۔

3 12. دربان ڈرامہ 'عقلمند مچھیرا' کا ایک کردار ہے۔

(a) اس ڈرامے کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

(b) پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

Score

3 13. گووندا اب بھی تندرست ہے۔ وہ ایک محنتی کسان ہے۔ بڑھاپے میں بھی وہ خوب محنت کرتا ہے۔

بچّو ، اگر آپ کو ان سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوالات کریں گے۔

انٹرویو کے لیے تین سوالات تیار کیجیے۔

3 14. لال قلعہ ہندوستان کی ایک خوبصورت تاریخی عمارت ہے۔

(a) بچّو ، ہندوستان کے اور دو تاریخی عمارتوں کے نام لکھیے۔

(b) پسندیدہ ایک تاریخی عمارت کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

3 15. پیڑ فطرت کی نعمت ہے۔ پیڑ پودوں کی حفاظت کرنا ہر انسان کا فرض ہے۔

پیڑوں کی اہمیت پر پلے کارڈ (Placard) تیار کرنے کے لیے تین جملے لکھیے۔

جیسے : | پیڑ ہماری جان ہیں۔ |

4x4=16 **16 سے 21 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب پانچ جملوں میں لکھیے۔**

4 16. گاؤں دیکھ کر ظفر علی اور عرفان گھر واپس آئے۔ گاؤں کے بارے میں امّی جان عرفان سے پوچھنے لگی۔

امّی : بیٹا، ابّا جان کا گاؤں کیسا ہے؟

بیٹا : ____________

بچّو ، امّی اور عرفان کی گفتگو تیار کیجیے۔

4 17. کہانی 'سوا سیر گیوں' آپ نے پڑھی ہے نا؟

(a) اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

(b) کسانوں کو کئی مسائل ہیں۔ کسانوں کے مسائل پر اپنے خیالات لکھیے۔

Score

4

18. پوسٹر غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

'یوگا کر کے صحت بچائیں'

سمینار

۲۱/ جون ۲۰۲۲ء صبح ۱۱ بجے

ٹاؤن ہال ارناکلم

صدارت : نرائن بابو (یوگا کلب کے لیڈر)

افتتاح : رما دیوی (صدرِ، پنچایت)

مقالہ کی پیش کش : طیب علی خان (یوگا گرو)

سب کا خیر مقدم

(a) اس سمینار کا موضوع کیا ہے؟

(b) اس پروگرام میں مقالہ کون پیش کرتا ہے؟

(c) یوگا کرنے سے کیا کیا فائدے ہیں۔ یوگا کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

4

19. عبارت غور سے پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔

منشی پریم چند اردو کے مشہور افسانہ اور ناول نگار ہیں۔ ان کا اصلی نام دھن پت رائے ہے۔ وہ ۳۱/ جولائی ۱۸۸۰ء کو پانڈے پور ضلع بنارس کے قریب لمہی گاؤں میں پیدا ہوئے۔ آپ کو بچپن ہی سے کہانیاں پڑھنے کا شوق تھا۔ یہی شوق افسانہ لکھنے کا باعث بنا۔ گودان، نرملا، غبن، میدان عمل وغیرہ ان کے مشہور ناول ہیں۔

اشارے : [کون، کیا، کب، کہاں، کیسے، کیا کیا]

4

20. انسان کی خاطر جو بھگوان سے لڑتی تھی

وہ پیاسی زمینوں پر اترتی تھی گھٹاؤں سی

(a) یہ شعر نظم 'غریبوں کا مسیحا' سے لیا گیا ہے۔ اس کا شاعر کون ہے؟

(b) مدر تریسا نے اپنی زندگی دوسروں کی خدمت کے لیے وقف کر دی ہے۔

مدر تریسا کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں۔ نوٹ لکھیے۔

P.T.O.

Score

4

21. اشاروں کی مدد سے ندا فاضلی کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

**ندا فاضلی**

| | | |
|---|---|---|
| شہرت | : | اردو کا جدید شاعر، ناول نگار، فلمی گیت کار |
| پیدائش | : | ۱۲/اکتوبر، ۱۹۳۸ء کو دلّی میں |
| اہم کارنامے | : | کھویا ہوا سال، آنکھ اور خواب کے درمیان، دنیا میرے آگے، دیواروں کے باہر |
| پدم شری ایوارڈ | : | ۲۰۱۳ء میں |
| انتقال | : | ۸/ فروری، ۲۰۱۶ء کو ممبئی میں |

-oOo-